قصد طبع نہ فرماویں

انہا شجرۃ طیبۃ اصلہا ثابت و فرعہا فی السماء

قصائد و شجرہ جات

چشمۂ نور

در منقبت حضرت امام المتقین سراج السالکین

پیر عبد الغفور

از تصنیف ذرہ بیمقدار جان نثار

دربار آوان شریف سید نور اللہ شاہ

ولد مولوی چراغ شاہ صاحب مرحوم

ساکن بوکن ضلع گجرات سیالکوٹی

در مطبع اسلامیہ سٹیم پریس لاہور باہتمام حافظ

مظفر الدین منیجر کے چھپا

داد ایک ہزار

دیباچہ

خدایا انتظارِ حمد ما نیست — محمد چشم بر راہ ثنا نیست

مناجاتے اگر باید بیاں کرد — بہ بیتے ہم قناعت میتواں کرد

محمد از تو مے خواہم خدا را — خدایا از تو نورِ مصطفی را

امابعد۔ چونکہ ذات انسان کیلئے حقیقی عروج و اصلی کمال بقولائے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا تزکیہ نفس پر موقوف ہے اور تزکیہ نفس فنائے نفس کے بدوں ناممکن۔ فنائے نفس مرشد کامل کی صحبت اقدس سے ہی ہے ۔ع۔ ہیچ نکشد نفس را جز ظلِ پیر۔ دامنِ آن نفس کش را سخت گیر۔ حاصل ہوتا ہے لیکن ہر وقت کی صحبت بھی قلت عمر کثرت اشتغال کے باعث محال ہے اس لئے تذکرہ اسمائے کاملین استمداد تصور عارفین قائمقام صحبت بلکہ مطالعہ اقوال و احوال مشائخین ترقی روحانی و اطمینان قلبی زینہ کمال ہے۔ اگرچہ خاکسار سید نور العبد شاہ خلف مولانا سید چراغ شاہ صاحب ساکن بوکن گجرات حال وارد سیالکوٹ کے ہادی کامل فاضل اجل اسرار طریقت کے بحر کے شناور قلزم حقیقت کے غواص قطب زمان قبلہ

جہان حضرت قاضی سلطان محمود صاحب
قدس سرہٗ در آوان شریف یکم مئی ۱۹۱۹ء شربت وصل

توسباش اصلا و کمال این ست و بس
رَو و رُو گم شو وصال این ست و بس

نوش فرما ہو گئی ہیں۔ مگر آپ کے نام نامی کی تسبیح اسامی اولیا کا ورد ایمان صوفیہ کے لیئے تازگی عشق الٰہی کا درس قائمقام صحبت خیال کر کے خاندان سلسلہ قادریہ کے شجرات وقصائد بزبان فارسی۔ اُردو۔ پنجابی جو بعض پاک سینوں وسفینوں میں اسرار مخفیہ کی طرح پنہانی تھے فراہم کیئے اور چند از خود تصنیف کر کے بعض دہ نشان و برادرانِ طریقت کے بار بار الحاح والتجا مثلاً مولوی خلیل الرحمن صاحب ڈہوک شمسی۔ پیر چنن شاہ صاحب بجرانوی ضلع راولپنڈی۔ مولوی باغ الدین صاحب۔ منشی رحیم بخش وحکیم نبی بخش صاحب۔ بابو امیر اللہ صاحب مرادپوری۔ مولوی عبدالحکیم صاحب مرحوم سیالکوٹی غلام حیدر خانصاحب کھلاپت ہزاروی کے ایما کے مطابق طبع کرانا واجب جانا۔ التماس ہے کہ جہاں کہیں کوئی فرو گذاشت محسوس ہو اخلاق صوفیانہ سے احسن الغفو عنہ

الْقُدُرَتِ پڑھتے ہوئے عفو یا تصحیح فرما کر نفسِ مضمون سے شوق تازہ فرمادیں ؎

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

نوٹ :۔ غلام حیدر خانصاحب مرحوم نے بموقعہ عرس شریف طبع کرانے کا جملہ خرچ اپنے ذمہ لیا تھا۔ مگر افسوس کاپی تحریر ہونے کے وقت حضوری حضور پُر نور میں حاضر ہوئے۔

؎

تو بگذری و مرا بگذری — ایں ہست طریقِ دوستداری

وفادرا وفاداری نہ ایں بود
بیاران شیوہ یاری نہ ایں بود

قصائد و شجرہ جات

حضرت قبلہ غوث زمان جناب قاضی ربانی

سُلطان محمود صاحب

آوانی رحمتہ اللہ علیہ

(و)

قصیدہ حضرت شاہد ولہ صاحب

(گجراتی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نالہائے زار از ہزار داستان بیقرار از کردہ ہا

خوشہ شمار سید نور اللہ شاہ عفا اللہ عنہ

در مدحتِ آن گلدستۂ نوبہار معرفت آفریدگار و شاخسار گلزار عشق دلدار و مونس غمخوار یعنی شہسوار عرصۂ معانی یکّہ تاز میدان رب شناسی و خدادانی المعروف در آفاق المشہور در اطباق شہ دواق مصدر کرامات ظاہرہ مظہر خوارق باہرہ ولی کامل عارف واصل ملکوتیّت دستگاہِ حضرت شاہ لہ صاحب نور اللہ مضجعہ و بّرہ مرقدہٗ کہ

بحال بے جمعیتے سر بردہ ۱۲۵

خوشا عشرت سرائے شہر گجرات	چو فردوس برین جنابِ آیات

عجب شہر انتخاب جملہ پنجاب ۔۔۔ دوبالا نشاں دارد ز آب چناب

بتانش رشک حوران بہشتند ۔۔۔ خمیر شان ز شوق حق سرشتند

شدہ مشغول ذکر ہو ہو انش ۔۔۔ بوسعت دلکشا ہر سو نشانش

رسد گر نامراد آنجا بیابد ۔۔۔ بکام دل مراد خویش یابد

بپرسیدم برغم چرخ کجرو ۔۔۔ میان نسبت پاک چابک چو آہو

بصد گفتم کجا زیبا رو تو گفت ۔۔۔ بدرگاہ مدار کام جان گفت

بگفتم مہر جز تو کسی ہم ۔۔۔ بگفت از ہر طرف انبوہ مردم

بگفتم ہر چہ گفت از پی کام ۔۔۔ بگفتم چند گفتا نیست انجام

بگفتم صاحب آن بارگاہی ۔۔۔ لدی گفت خوش صاحب کلاہی

یعنی وارث اقلیم عرفان ۔۔۔ جناب شاہ دولہ جان ایمان

بہ ہجرت است ہر دم فضل مولیٰ | کہ آنجا شاہ را دور است ماوا

زہے فرخندہ لائیت گزرگاہی | چو بوجہل است صد رہ ہا براہی

ز بحر زہد او بر قطرہ موجے | بود ہر موج زہد شکوہ اوجے

ز امید این نوید آمد چو در گوش | نوشتم خندہ اش کردم در آغوش

بدلگشا کنون روی دل آرم | فزون امید خود و امید دارم

شہا شایان شان تو ثنائت | کنم گر تو کنی بر من عنایت

بگرد قدرت ای شاہ مردان | ملائک صبحگہ جاروب گردان

نہفتہ راز غیب است آشکارا | ز روی خاطرت ای عالم آرا

بملک آب ہند خشک آتش زنی گر | شرر از شعلہ نورت زند سر

فتد بر رنگ گر لمع جمالت | فرنگی را است از زنگی خجالت

چگویم هیبت هول تو چونست / که گربه پیش موشت شیر نگونست

غلامان درت خاقان چینند / همه از کشت فیضت خوشه چینند

نباید کمترین بندگانت / حصار چرخ پیش قصر شانت

رواج سکه ات نقش جبین ها است / برحمت از فلک صد آفرین ها است

ز دست قدرتت بر آتش آب / سکون گیرد بسان سیم سیماب

ز هول قهر تو در دور عالم / صدای الامان دارد جهنم

ز تعداد عطایت در زمانه / شده تسبیح در کف دانه دانه

اگر الوند در پنجه فشاری / شود ریگ روان چون برگماری

ز بذلت بحر از بهر در نست / که آغوشش ز بار در گرانست

بحلم و زهد در تقوی گزیدن / خدا مثلت نه خواهد آفریدن

علو منصبت بیرون ز احصا است ... که زیر بوریائت عرش را جا است

ز تو ای کاشف سرّ نهانی ... شود حل مشکلات دو جهانی

نیامد هم نیاید تا قیامت ... نظیرت در صفا کشف و کرامت

بمدح و صف تو ای شاه عالم ... رگ یاقوت گشته نال کلکم

زبان یا در کام وصف تو لال است ... پر پروانه و مشعل مثال است

ثنایت بیان از حد و جانست ... دعایت و دا عیان از زبان است

بعهد حفظ قبضت ما و گر دهم ... سراپا گشته خضر و عیسی دم

ز حلمت بر غبارا سایه آید ... چه بارا صرصر از جاش رباید

وند گر بوی خلقت در گلستان ... شود بلبل گرا گوشی چو مستان

بمدحت بسته ام در درخشان ... ازان شد کاغذم چو خور زرفشان

مریدان و مجاور نیک بختند ‌‌ ‌ که دامان چنین پیری گرفتند

یکایک همچو گلهای بهار اند ‌ ‌ چو نور جعفری کامل عیار اند

ولی و عارف و اهل یقین اند ‌ ‌ سعیدان ازل سلطان دین اند

خصوصاً حضرت کامل مکمل ‌ ‌ که الطاف خدا اوراست شامل

جناب مستطاب مرشد ما ‌ ‌ غیاث مستمندان غوث اعلی

مقدس ذکر او دارم زبانی ‌ ‌ غنی حضرت غوث ثانی

سیاهم از گنها لیک امی نو ‌ ‌ بتعریفت شدم نور علی نور

نه گویم من ز سادات کرامم ‌ ‌ کمین تر از غلامانت غلامم

مرا ای نور بس فخری غلامی ‌ ‌ گزین فخر است کارم را تمامی

شهنشاها طفیل شاه عالم ‌ ‌ ترحم بر غلام خود ترحم

که تا یابم چو بوی آشنایی
ز شر نفس بد یابم رهایی

نگاهی کن کرم سوی غریبی
ز عیش و کامرانی بی نصیبی

بدام نفس اماره گرفتار
بکام اژدهای دیو خونخوار

کنون چشم دعا و انتظار است
که هنگام اجابت نوبهار است

خداوندا بفضل مقبلانت
بیمن و برکت اهل امانت

بنیاد بلند و خوش نهد کارم
الهی بهر قول ایمان ختم کارم

الهی تا فلک بر آسمانست
در آنجا نعرهٔ سبوحیانست

مدام از روح محمد را ثنائی
بجنت در جوار او نشانی

جهان از نور فیضش باد تابان
هزاران او مدار فیض یابان

گر قبول افتد زهی عز و شرف

نتیجہ فکر۔ مولوی سید نور اللہ شاہ۔ سیالکوٹی

قصیدہ حضرت سید کبیر الدین شاہ دولہ گجراتی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نالہائے زار از ہزار داستان بیقرار از کردہائے

خود شرمسار سید نور اللہ شاہ عفا اللہ عنہ

در مدحت آن گلدستہ نوبہار معرفت آفریدگار و شاخسار گلزار عشق دلدار مونس غمخوار یعنی شہسوار عرصہ معانی یکہ تاز میدان رب شناسی و خدا دانی المعروف در آفاق المشہور در اطباق نہ رواق مصدر کرامات ظاہرہ خوارق باہرہ ولی کامل عارف واصل ملکوتیت دستگاہ حضرت شاہ دولہ صاحب نور اللہ مضجعہٗ و بر مرقدہٗ کہ بحال بے جمعیتے سر بر زدہ:

خوشا عشرت سرائے شہر گجرات — چو فردوس بریں جناب آیات

عجب شہر انتخاب جملہ پنجاب = دو بالا نشاء دارد ز آب چناب

تبانش رشک حوران بہشتند = خیر شان ز شوق حق سرشتند

شدہ مشغول ذکر ہو ہوائش = بوسعت دلکشا بر ہو فضائیش

رسد گر نامراد آنجا بلا بد = بکام دل مراد خویش یابد

بعیدم بر غم چرخ کجرو : بیاں بر لبت چابک ہمچو آہو

بدرو گفتم کجا ز بیاں روی گفت = بدرگاہ مدار کام جان گفت

بگفتم ہر و دخر تو کسے ہم = بگفت از ہر طرف انبوہ مردم

بگفتم بہر چہ گفت از پی کام = بگفتم چند گفتا نیست انجام

بگفتم صاحب آن بارگاہے = گرامی گفت خوش صاحب کلاہے

کہ یعنی وارث اقلیم عرفان : جناب شاہ دولہ جان ایمان

بگجرات است بردم فیض مولیٰ : کہ آنجا شاہ دولہ راست ماوا

زہے شاہ ولایت کز نگاہے : چو بوجہل است صدہا رو براہے

ز بحر زہد او ہر قطرہ موجے : بود بر موج زہدش کوہ اوجے

ز رحمت بر مزارش ار صبا هر آید ، چه باران هر هزاران رحمتش بر باید
هزاران دیگر ابوبکر خلفت در گلستان ، شود نخل گرامی گوشه بوستان
هم لسته اسم ذکر در دلستان ، ازان شد که مدام چون خوید دانشان
مریدان وعابدان یک جهتند ، که دامان او همین پیری گرفتند
گدا یک به همه مهاجر و مهار اند ، چو در حضوری کامل عیار اند
ولایت و عارف اهل یقین اند ، سعیدان ازل شیدان دین اند
خصوصا حضرت اهل کمال ، که لطف خدا او راست شامل
جناب مستطاب مرشد ما ، غیاث مستمندان غوث اعلی
مقدس ذکر او در هم زبانی ، المثنی حضرت غوث آدانی
سیاهم در گناهان لیک اهل نور ، بتشریف شدم نور علی نور
که گوهم من ز سادات گرام ، همین تر از خدامانت خدم
مرا ای نور بس فخر از غلامی ، گزین فخر است کارم را تمامی
شهنشاها بطفیل شاه عالم ، ترحم بر غلام خود ترحم !
که تا یابم چه بوی آشنائی ، ز شر نفس پر یابم رهائی
نگاهی از کرم شوید غریبی ، ز عیش و کامرانی بی نصیبی
بدام نفس اماره گرفتار ، بکام اژدها و دیو خونخوار
کنون چشم دعا در فتنه زار است ، که هنگام اجابت نو بهار است
خداوندا بطفیل مقبولیت ، به همین و برکت اهل امانت
بدنیا گمبود خوش روزگارم ، بگفتی بر قول ایمان ختم کارم
الهی تا فلک بر ز سمانست ، در آنجا نور مغفور دیانت
معمور روح معمور رحمانی ! ، بجنت در جوار او نشانی
جهان در انوار فیض یاد تابان ، مزار او مدار فیضیا بان

گر قبول افتد زهی عز و شرف

زرحمت بر مزارش ابر رحمت آید ، چه پارا در حرا زه آتش چه باید
مدد دیگر بود خلقت در گلستان ، شود غنچه گل گردد گوشه بوستان
بصحبت لبه ام گیر در طعستان ، ازان مقصد که اندم چون خود دانشان
مریدان و مصاحبان نیک گفتند ، که دامانش بچنین پیری گرفتند
گیا یک آمده گلها بهار اند ، چو در صحبت کاملی عیار اند
ولی و عارف و اهل یقین اند ، سعیدان ازل شاهان دین اند
خصوصا حضرت اهل کمل ، که الطاف خدا او راست شامل
جناب مستطاب مرشد ما ، غیاث مستمندان غوث اعلی
مقدس ذکر او در هم زبانی ، المثنی حضرت غوث آودانی
ساهم در گدایان نیک در نور ، بتعریف شدم نور علی نور
که گویم من ز سادات کرام ، بگیس در از خدمات خدام
مرا این بود بس فخر خادمی ، که زین فخر است کارم را تمامی
شهنشاها بطفیل شاه عالم ، ترحم بر غلام خود ترحم !
گر تو یا هم چه بودی آشنائی ، ز شر نفس بد یابم رهائی
گناهی بند گرم شوخ غریبی ، ز عیش و کامرانی بی نصیبی
مدام نفس اماره گرفتار ، بکام اژدها دیو خونخوار
کنون چشم دعا در رفته باراست ، که هنگام اجابت نوبهار است
خداوندا بطفیل حضرت ، بده ایمن و برکت اهل امانت
عزیزیا بگیرد دوش روز کارم ، کنی بر قول ایمان ختم کارم
الهی تا فلک بر آسمانست ، در آنجا نور مشتوفیانست
مدد از روح مسعود هم رحمانی ! ، بجنت در جوار او نشانی
جهان در انوار فیض یاد تابان ، مزار او مدار فیضیابان

گر قبول افتد زهی عز و شرف

حضرت قاضی سلطان محمود قادری

آوان شریف گجرات

تحریر :۔ سید محمد عبداللہ قادری آف واہ کینٹ

قادری سلسلہ کے عظیم روحانی پیشوا غوث زماں حضرت قاضی سلطان محمود قادری رحمۃ اللہ علیہ ۱۸۳۷ء بمطابق ۱۲۵۶ھ کو آوان شریف ضلع گجرات میں پیدا ہوئے۔ والد گرامی کا نام مولوی غلام غوث تھا (م ۱۳۰۲ھ) مولوی صاحب کا گھرانہ اپنے علم و فضل کے لحاظ سے پورے علاقے میں ممتاز مقام کا مالک تھا۔ ہنرِ کتابت میں ماہر اور تمام علومِ مروجہ میں متبحر کامل تھے۔ تربیت و تعلیم میں ید طولیٰ حاصل تھا۔ خطِ نسخ و نستعلیق دونوں شگفتہ تھے۔

حضرت قاضی صاحب کے خاندان کا ایک عظیم فرد حضرت پیرے شاہ غازی عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ المعروف دمڑی والی سرکار کا مزار شریف کھڑی شریف میرپور آزاد کشمیر میں مرجع خاص و عام ہے۔

حضرت میاں محمد بخش صاحبؒ (مصنف سیف الملوک، م ۱۹۰۷ء) حضرت پیرے شاہ غازیؒ کے مجاوروں میں سے تھے۔ اسی وجہ سے انہیں حضرت قاضی صاحب سے خاص عقیدت تھی،

حضرت قاضی صاحب کے زمانہ طالبعلمی میں اسلامی مدارس بہت کم تھے جہاں درسِ نظامی کے تمام شعبوں کی تعلیم دی جاتی تھی۔ زیادہ تعداد بھی مدرسوں کی تھی۔ ہر مدرسہ ایک فن کیلئے مشہور تھا۔ آپ نے درس نظامی کی چند ابتدائی کتب اپنے والد ماجد محترم غلام غوثؒ سے پڑھیں۔ اسکے بعد کئی برس تک حاجی والا (گجرات)، چنن گکھڑ (گجرات)، ملکہ (گجرات)، بدلوٹ (جہلم)، موہرہ کدلتھی (جہلم) اچی پڑھیا غور غشتی، بھتو آمحرم خاں، میرو وال، اخلاص پور، کمیبی والا (اٹک) اور اشنغر کے مدرسہ میں تعلیم حاصل کی، اس طرح درس نظامی کے تمام شعبوں مثلاً

نحو، فقہ، منطق، علام کلام، ریاضی، حدیث اور تفسیر میں مہارت کامل حاصل کی،

موہرہ کدلتھی والے مولانا صاحب آپ کی لیاقت اور ذہانت سے بہت متاثر ہوئے۔ اور آپ کو

"قاضی" کا خطاب عطا کیا، جو ہمیشہ کیلئے آپ کے نام کا جزو بن گیا، اب بھی آپ کے متعلقین اس لقب کو اپنے ناموں کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔

حضرت قاضی صاحب عالم متبحر تھے، علوم اسلامی کی جملہ شاخوں پر فاضلانہ دسترس رکھتے تھے۔ آپ کے متبحر علمی کا اعتراف کرنے والوں میں مولوی عبدالوہاب چک سمر (گجرات)، حکیم غلام مصطفیٰ ساکن گولیکی (گجرات) اور پنڈت اننت رام سابق دیوان ریاست جموں و کشمیر جیسے فاضل حضرات شامل تھے۔ ان حضرات نے حضرت قاضی صاحب سے علمی استفادہ کیا، ایک دفعہ پنڈت اننت رام نے حضرت قاضی صاحب سے عرض کیا "شمس بازغہ کے بعض مقامات میری سمجھ میں نہیں آئے۔ اور کچھ شکوک باقی رہ گئے ہیں۔ میں ملتمس ہوں کہ حضور سمجھا دیں، پہلے تو آپ نے عذر کیا اور پھر فرمایا

"میں سب کچھ بھول بھال گیا ہوں"

لیکن اصرار کرنے پر آپ نے اسے پڑھانا شروع کیا اور مشکل مقامات کو نہایت خوبی سے واضح کیا اور تسلی و دلجوئی فرمائی۔

حکیم غلام مصطفیٰ ساکن گولیکی بہت بڑے طبیب، عالم اور آرزوخیال آدمی تھے۔ وقتاً فوقتاً حضرت قاضی صاحب کا علاج بھی کیا۔ ایکمرتبہ انہوں نے قاضی صاحب سے التجا کی کہ مجھے .... "شرح چغمینی" کا ایک مقام سمجھ میں نہیں آتا سمجھایا جائے، آپ اسوقت مدت سے پڑھنا پڑھانا چھوڑ چکے تھے۔ لیکن حکیم صاحب کے لئے فرمایا

"اگرچہ اب مجھے کچھ یاد نہیں رہا مدت کا پڑھا بھول گیا ہے جو کچھ پوچھنا ہو، پوچھو!"

حکیم صاحب نے مذکورہ کتاب کی عبارت جو کہ بہت ہی مبہوم تھی پڑھی، آپ نے عبارت سنکر تامل فرمایا اور کہا کہ" فلاں لفظ سے فلاں لفظ تک عبارت کاٹ دو، یہ عبارت اصل مصنف کی نہیں ہے۔ بلکہ الحاقی ہے"۔ حکیم صاحب نے ایسا ہی کیا اور مستغرہ مسئلہ آئینے کی طرح .... روشن ہو گیا، حکیم صاحب انگشت بدندان ہو کر رہ گئے۔

حضرت قاضی صاحب قادری سلسلہ عالیہ میں حضرت خواجہ اخوند عبدالغفور سواتی، سیدو شریف (م ۱۸۷۷ء، ۱۲۹۵ھ) کے دست حق پرست پر رمضان المبارک ۱۲۸۲ھ میں بیعت ہوئے۔ جو اس دور میں قادری سلسلہ کے عظیم روحانی پیشوا تھے۔ خواجہ صاحب کی سعی و تبلیغ سے صوبہ سرحد افغانستان اور پاک و ہند میں سلسلہ قادریہ کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ آپ مختلف القاب سے پہچانے جاتے تھے۔ مثلاً سیدو بابا، سوات بابا، اخوان صاحب سیدو غوث، اخوان بیگی وغیرہ..

حضرت قاضی صاحب دس مرتبہ سیدو شریف حاضر ہوئے۔ دسویں حاضری کے موقع پر قیام کے تیسرے روز حضرت خواجہ صاحب نے قاضی صاحب کو ہمراہیوں سمیت تمام لوگوں کی موجودگی میں طلب کر کے طریقۂ عالیہ قادریہ کا سبق دیا، اور اس طرح مجمع میں حضرت قاضی صاحب سے مخاطب ہو کر فرمایا "مولوی راہ حق بگو" یعنے لوگوں سے بیعت لو اور انہیں راہ حق بتاؤ۔

حضرت قاضی صاحب نے عرض کیا

"من گنہگارم ولائق برداشتن ایں بارنیم"

میں گناہ گار ہوں اور اس ذمہ داری کے اٹھانے کے قابل نہیں ہوں۔

حضرت خواجہ اخوند صاحب نے ہنس کر کہا "کدام گناہ میکنی" یعنے کون سا گناہ، آپ یہ سن کر چپ ہو گئے،

حضرت خواجہ صاحب سے شرف بیعت حاصل کرنے کے بعد حضرت قاضی صاحب نے آوان شریف میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا، اول سے آخر تک تمام کتابیں طلباء کو خود پڑھاتے جب کبھی آپ کے فاضل مریدین میں سے کوئی صاحب مثلاً عبدالرحمٰن دیوبندی اور حضرت حافظ سید محمد عبداللہ شاہ (والد ماجد سید نور محمد قادری شیخ) وغیرہ حاضر ہوتے تو وہ بھی اپنے قیام کے دوران طلباء کی تعلیم میں مدد فرماتے، دوران تعلیم ذریعہ اظہار و ابلاغ بقول حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری (م ۱۹۸۲ء) سجادہ نشین دربار شریف آوان شریف، پنجابی زبان ہوتی۔ حضرت قاضی صاحب کے خیال اور تجربہ کے مطابق مادری زبان میں تعلیم زیادہ بہتر نتائج پیدا کرتی ہے۔

آوان شریف میں جن حضرات نے درس نظامی کی تکمیل کی، ان میں سے چند ایک نام یہ ہیں۔

۱۔ حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری (م، دسمبر ۱۹۸۲ء) سجادہ نشین دربار آوان شریف ضلع گجرات جو قاضی سلطان محمود قادری قدس سرہٗ کے خلیفہ مجاز اور حقیقی برادر زادہ تھے،

۲۔ حضرت قاضی مظہر جمیل (والد قاضی عبدالسبحانؒ) ساکن کھلابٹ ہزارہ،

۳۔ مولوی غلام حسین، ساکن بھوئیاں (گجرات)

۴۔ مولوی سید شاہ ولدیت ولد حافظ سید محمد عبداللہ شاہ ساکن بوکن متصل گجرات شہر، سیدو شریف (سوات) میں نویں حاضری کے موقع پر حضرت اخوند عبدالغفور قادری علیہ الرحمۃ نے حضرت قاضی صاحب سے ارشاد کیا تھا کہ اگر تنگی روحانی تنگی محسوس کرو تو حضرت کبیرالدین المعروف شاہ دولہؒ دریائی گجرات شہر کے مزار پر حاضر ہوا کرو، راحت نصیب ہوگی۔

چنانچہ آپ نے کسب فیض کیلئے حضرت شاہ دولہ صاحب کے دربار پر جانا شروع کر دیا اس سلسلہ میں خاص بات جو قابل ذکر ہے یہ کہ پہلے بارہ سال تک آوان شریف سے صبح کے وقت پیدل چل کر گجرات پہنچتے۔ اسی شام کو واپس چلے جاتے، (گجرات سے آوان شریف ۲۲ میل کے فاصلہ پر واقع ہے) حضرت شاہ دولہ صاحب کی طرف سے قاضی صاحب بیشمار روحانی فیوض و برکات سے مستفیض ہوئے انہوں نے تحدیث نعمت کے طور پر حضرت شاہ دولہ صاحبؒ کے مزار پر ایک خوبصورت گنبد تیار کروایا۔

حضرت قاضی صاحب، صاحب کشف و کرامات بزرگ تھے، حضرت کی کئی کرامات مشہور ہیں، ایک دو ملاحظہ فرمائیے۔

میاں عبدالباری کے وطن واپسی

میاں صاحب ۱۹۱۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور کے طالب علم تھے۔ اپنے چند طالب علم ساتھیوں کے ساتھ حکومت ہند سے بغاوت کرتے ہوئے کابل کی طرح ہجرت کر گئے۔ اس پر میاں صاحب کے والد ماجد منصف غلام جیلانی اور والدہ بہت پریشان ہو گئے۔ والد مرشد پاک کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور عبدالباری کی واپسی کیلئے دعا کرنے کی استدعا کی۔ حضرت قاضی صاحب نے فرمایا ہر روز چار سیر گندم پیسا کرو، اور یہ وظیفہ ساتھ پڑھا کرو، آٹا غریبوں میں بانٹ دیا کرو، عبدالباری واپس آجائے گا۔

میاں غلام جیلانی منصف تو گھر آکر وظیفہ میں مصروف ہو گئے لیکن میاں عبدالباری کی والدہ

حضرت خواجہ صاحب سے شرفِ بیعت حاصل کرنے کے بعد حضرت قاضی صاحب نے آوان شریف میں درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا، اوّل سے آخر تک تمام کتابیں طلباء کو خود پڑھاتے جب کبھی آپ کے فاضل مریدین میں سے کوئی صاحب مثلاً عبدالرحمٰن دیوبندی اور حضرت حافظ سید محمد عبداللہ شاہ (والد ماجد سید نور محمد قادریؒ) وغیرہ حاضر ہوتے تو وہ بھی اپنے قیام کے دوران طلباء کی تعلیم میں مدد فرماتے، دورانِ تعلیم ذریعہ اظہار وابلاغ بقول حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری (م ۱۹۸۲ء) سجادہ نشیں دربار شریف آوان شریف، پنجابی زبان ہوتی۔ حضرت قاضی صاحب کے خیال اور تجربہ کے مطابق مادری زبان میں تعلیم زیادہ بہتر نتائج پیدا کرتی ہے۔

آوان شریف میں جن حضرات نے درسِ نظامی کی تکمیل کی، ان میں سے چند ایک نام یہ ہیں۔

۱۔ حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری (م ۷ دسمبر ۱۹۸۲ء) سجادہ نشیں دربار آوان شریف ضلع گجرات جو قاضی سلطان محمود قادری قدس سرہٗ کے خلیفہ مجاز اور حقیقی برادرزادہ تھے،

۲۔ حضرت قاضی مظہر جمیلؒ (والد قاضی عبدالسبحانؒ) ساکن کھلابٹ ہزارہ،

۳۔ مولوی غلام حسین، ساکن بھوٹیاں (گجرات)

۴۔ مولوی سید شاہ ولدیتؒ ولد حافظ سید محمد عبداللہ شاہ ساکن بوکن متصل گجرات شہر،

سیدو شریف (سوات) میں نویں حاضری کے موقع پر حضرت اخوند عبدالغفور قادری علیہ الرحمۃ نے حضرت قاضی صاحب سے ارشاد کیا تھا کہ

اگر تنگیٔ روحانی محسوس کرو تو حضرت کبیرالدین المعروف شاہ دولہؒ دریائی گجرات شہر کے مزار پر حاضر ہوا کرو، راحت نصیب ہوگی۔

چنانچہ آپ نے کسبِ فیض کیلئے حضرت شاہدولہ صاحب کے دربار پر جانا شروع کردیا اس سلسلہ میں خاص بات جو قابلِ ذکر ہے یہ کہ پہلے بارہ سال تک آوان شریف سے صبح کے وقت پیدل چل کر گجرات پہونچتے۔ اسی شام کو واپس چلے جاتے، (گجرات سے آوان شریف ۲۲ میل کے فاصلہ پر واقع ہے) حضرت شاہدولہ صاحب کی طرف سے قاضی صاحب بیشمار روحانی فیوض وبرکات سے مستفیض ہوئے انہوں نے تحدیثِ نعمت کے طور پر حضرت شاہدولہ صاحبؒ کے مزار پر ایک خوبصورت گنبد تیار کروایا۔

حضرت قاضی صاحب، صاحبِ کشف وکرامات بزرگ تھے، حضرت کی کئی کرامات مشہور ہیں، ایک دو ملاحظہ فرمائیے۔

میاں عبدالباری کے وطن واپسی

میاں صاحب ۱۹۱۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور کے طالب علم تھے۔ اپنے چند طالب علم ساتھیوں کے ساتھ حکومتِ ہند سے بغاوت کرتے ہوئے کابل کی طرح ہجرت کر گئے۔ اس پر میاں صاحب کے والد ماجد منصف غلام جیلانی اور والدہ بہت پریشان ہوگئے۔ والد مرشد پاک کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور عبدالباری کی واپسی کیلئے دعا کرنے کی استدعا کی۔ حضرت قاضی صاحب نے فرمایا ہر روز چار سیر گندم پیسا کرو، اور یہ وظیفہ ساتھ پڑھا کرو، آٹا غریبوں میں بانٹ دیا کرو، عبدالباری واپس آجائے گا۔

میاں غلام جیلانی منصف تو گھر آکر وظیفہ میں مصروف ہوگئے لیکن میاں عبدالباری کی والدہ

ماجدہ شہربانو زیادہ ہی پریشان ہو گئیں۔ اور آوان شریف حاضر ہو کر بیٹے کی جلد واپسی کیلئے عرض کیا تو حضرت قاضی صاحب نے فرمایا، شہربانو، اگر تم اپنے بیٹے کی واپسی جلدی چاہتی ہو تو اس حالت میں آئے گا کہ اسکے ہاتھ میں اور پاؤں میں بیڑیاں ہوں گی۔ اور اگر صبر کرو تو اس حالت میں آئے گا کہ اس کے گلے میں پھولوں کے ہار ہونگے، لیکن میاں صاحب کی والدہ بضد رہیں کہ انکا بیٹا جلدی بلا کر دیا جائے۔ وہی ہوا کہ عبدالباری صاحب ایران میں گرفتار ہوئے اور انگریز انہیں بیڑیاں پہنا کر ہندوستان میں لائے

حضرت قاضی صاحب کا حلقہ ارادت بہت وسیع تھا، پشاور سے لے کر کلکتہ تک کے لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر فیضیاب ہوتے

خلفاء،

- حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری سجادہ نشین دربار آوان شریف ضلع گجرات،
- حضرت حافظ سید عبداللہ شاہ قادری چک ۱۵ شمالی تحصیل پھالیہ گجرات
- مولوی سید نوراللہ شاہ نور سیالکوٹی کشمیری محلہ سیالکوٹ شہر،
- مولوی نیاز احمد ایڈووکیٹ ڈھوکری ضلع جالندھر،
- ملا ضیاءالدین تراہی صوبہ سرحد
- نواب معشوق یار جنگ،
- قاضی عبدالسبحان صاحب کھلابٹ ہزارہ،

مریدین و مستفیضین،

حضرت علامہ سر محمد اقبالؒ، نواب غلام حیدر خان (کھلابٹ ہزارہ)

نواب غلام احمد خاں سابق مشیر مال ریاست جموں و کشمیر

حکیم سید ظہور اللہ شاہ کشمیری محلہ سیالکوٹی شہر

غلام جیلانی منصف فیصل آباد،

چوہدری غلام غوث حمد آنی سابق چیف انجینیر ریاست بہاولپور

معتقدین!

مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں دہلی، حکیم محمدین قریشی گجرات

حضرت میاں محمد بخشؒ (مصنف سیف الملوک) آف کھڑی شریف،

حضرت سائیں گوہرالدینؒ جیند حضور شریف ضلع گجرات

حضرت سید نصیب علی شاہ ساکن پھالے شریف ضلع گجرات،

آپ کی ذات مجسمہ اخلاص تھی اپنے اسلاف و اخلاف کی عمدہ نظیر اور مرشد کامل تھے۔ آخر کار روحانیت کا یہ چراغ ۱۹۱۹ء میں غروب ہو گیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون،

آپ کی وفات پر سید عبدالعلی بخاری خلیفہ مولانا ضیاءالدین حسن نے حسب ذیل تاریخ ہائے وفات لکھیں۔

۱۔ مزار لطیف قاضی سلطان محمود آوانی ۱۹۱۹ء

۲۔ قبلہ ما قاضی سلطان محمود ۱۳۳۷ھ

ماخوذ،

قطب العارفین (حضرت قاضی سلطان محمود قادری دربار آوان شریف) از سید نور محمد قادری۔ مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء

سید محمد عبداللہ

حضرت مولانا سید نور اللہ شاہ قدس سرہ العزیز ابن حضرت مولانا سید محمد چراغ شاہ سیالکوٹی ۱۸۶۳ء کو سیالکوٹ شہر میں پیدا ہوئے۔ درس نظامی کی ابتدا شمس العلماء مولوی سید میر حسن [۱۸۴۴–۱۹۲۹ء] اور اپنے چچا جان حضرت حافظ سید محمد عبداللہ قادری کاشمیری [م ۱۹۰۷ء] سے کی اور تکمیل پنجاب کے مشہور فاضل مولانا غلام محی الدین [م ۱۸۸۷ء] چکوڑی شریف ضلع گجرات کے درس عالیہ میں کی۔

شیخ نور اللہ شاہ قدس سرہ زندگی تک مسجد قصاباں سیالکوٹ میں حلقات سلوک النبی کی تعلیم دیتے رہے۔ اپنے برادر بزرگ حضرت شیخ محمد عبداللہ قادری عبدالرحمٰن کی طرح اخوت زماں حضرت قاضی سلطان محمود قدس سرہ العزیز آوان شریف ضلع گجرات [م ۱۹۱۹ء] کے مرید و خلیفہ مجاز تھے۔ حضرت قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ آپ پر بڑی شفقت فرماتے تھے۔ قاضی صاحب عبدالرحمٰن کے نزدیک حضرت کا ساتھ تھا۔

حضرت قاضی صاحب عبدالرحمٰن جب اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ عبدالعزیز قدس سرہ دھاکڑ شریف [م ۱۸۷۷ء] کے مزار پر انوار کی زیارت کے لیے سیالکوٹ تشریف لاتے تو سید محمد نور اللہ شاہ قدس سرہ سیالکوٹ کا مریدوں کے خرچ سے سیالکوٹ ہوتے تھے۔ سیدو شریف کا سفر عموماً پیادہ ہوتا تھا۔

آپ اپنے برادر بزرگ کی طرح علم و فضل اور زہد و ورع میں یگانہ روزگار تھے۔ چند آراء ملاحظہ فرمائیں۔

○ جناب زاہد حسین انجم مرتب اذکار شیخ پیر بیاں تحریر کرتے ہیں۔

• نور اللہ شاہ سید مولوی ابن مولانا سید چراغ شاہ [۱۸۶۳–۱۹۴۸ء] جنم باڑہ عرب شاہ سیالکوٹ [کشمیری محلہ] ابتدائی تعلیم مولانا سید میر حسن [استاد علامہ محمد اقبال] اور دیگر کتابیں اپنے چچا جان مولانا سید محمد عبداللہ شاہ سے پڑھیں۔

حضرت قاضی سلطان محمود قدس سرہ آوان شریف گجرات کے نزدیک حضرت کے ساتھی تھے جب حضرت قاضی صاحب بزرگان دین کے مزارات عالیہ کی زیارت کے لیے جاتے

تو وارث آپ کو شرف بیعت حاصل ہوا؟ آپ اردو، فارسی اور پنجابی کے شاعر تھے
آپ کا کلام [illegible] "چشمہ نور" کے نام سے شائع ہوا۔ ۱۹۱۶ء میں رد شیعہ پر
ایک کتاب "تحفہ شیعہ" اندر پریس سیالکوٹ سے شائع ہوئی تھی ماہ جون ۱۹۲۸
میں آپ کا وصال ہوا اور پائین درگاہ حضرت امام علی الحق سیالکوٹ میں دفن کئے گئے" ؎ ۱

○ ڈاکٹر سید سلطان محمود حسین اپنی تالیف "اقبال کی ابتدائی زندگی" میں تحریر کرتے ہیں۔

"نور اللہ شاہ [۱۸۶۳ء — ۱۹۲۸ء] مولوی سید چراغ شاہ صاحب کے صاحبزادے تھے۔ ۱۸۶۳ء کے قریب پیدا ہوئے اور ۱۹۲۸ء میں وفات پائی۔ شاہ صاحب اردو، فارسی اور پنجابی میں شعر کہتے تھے۔ سید نور محمد قادری نے ان کی تالیف "چشمہ نور" ۱۹۷۹ء میں دوسری بار شائع کی ہے۔ اس مجموعہ میں حضرت قاضی سلطان محمود صاحب کی منقبت میں نور اللہ کے فارسی اردو اور پنجابی قصائد ہیں" ؎ ۲

○ حاجی سید علی اکبر شاہ ساکن جلالپور سیداں ضلع گجرات [م ۱۹۸۲ء] مصنف "گوہر منیرہ" [حالات و تذکرہ حضرت سائیں نور الدین جیند شریف گجرات]

"مولوی نور اللہ شاہ صاحب سیالکوٹ میں رہتے تھے جید عالم، خوش بیان واعظ اور بلند پایہ مناظر ہونے کے علاوہ بڑے ظریف الطبع تھے تقریر اتنی برجستہ ہوتی کہ سامعین اکتاتے نہیں تھے۔ حضرت قاضی صاحب [سلطان محمود قادری] رحمۃ اللہ علیہ کو عشق الٰہی میں بڑی بے قراری رہتی تھی اور شاہ صاحب جب دیکھتے کہ طبیعت زیادہ بے قرار ہوگئی ہے تو کوئی ایسا لطیفہ سنا دیتے تھے جس سے قاضی صاحب ہنس پڑتے اور ان کی طبیعت بحال ہو جاتی" ؎ ۳

مولوی سید محمد نور اللہ نور کی طبیعت میں ظرافت بہت تھی اس سلسلہ میں آپ کے کئی لطائف حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری [م دسمبر ۱۹۸۲ء] آوان شریف ضلع گجرات خلیفہ مجاز غوث زماں حضرت قاضی سلطان محمود قادری قدس سرہ [م۔ ۱۹۱۹ء]

سنایا کرتے تھے ایک لطیفہ ملاحظہ ہو۔

"حضرت قاضی صاحب رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پیانہ پورہ سیالکوٹ میں منصف عبدالرحمن کے ہاں مقیم تھے محفل جمی ہوئی تھی کہ ایک ادھیڑ عمر کی عورت سلام ودعا کے لئے حاضر ہوئی اور جب واپس چلی گئی تو مولوی نور اللہ شاہ صاحب نے عرض کیا حضور یہ عورت سنت کی بہت پابند ہے۔ حضرت قاضی صاحب نے دریافت کیا کیسے ہے مولوی صاحب نے عرض کیا اب تک چار نکاح کر چکی ہے یہ سن کر حضرت قاضی صاحب مسکرا دیئے اور محفل باغ وبہار ہو گئی"

حکیم الامت حضرت علامہ محمد اقبال، میراں بخش جلوہ، چوہدری غلام غوث صمدانی (مصنف مثنوی صمدانی) اور حکیم خادم علی رحمتہ اللہ علیہم آپ کے ہم عصروں میں شامل تھے۔

راقم الحروف کے والد بزرگوار مشہور اہل قلم، محقق ونقاد سید نور محمد قادری (۱۹۲۵ - ۱۹۹۶ء) چک نمبر ۱۵ شمالی ضلع منڈی بہاء الدین رہتے تھے۔

"ایک دفعہ میں (سید نور محمد قادری) بغرض علاج حضرت حکیم خادم علی صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور جب انہیں معلوم ہوا کہ میں مولوی نور اللہ شاہ رحمتہ اللہ علیہ کا بھتیجا ہوں تو مسند سے اٹھ کر مجھے گلے لگا لیا اور دیر تک مولوی صاحب کی علمیت، شرافت اور خلوص کا ذکر فرماتے رہے۔"

مولوی سید محمد نور اللہ نور سیالکوٹی اولاد نرینہ سے محروم تھے ایک بیٹی سیدہ نور فاطمہ تھیں جو، حضرت سید رسول شاہ صاحب ساکن بڈھا کلنگ ضلع گجرات سے منسوب تھیں۔

سید رسول شاہ صاحب ۵۸ برس تک انجمن اسلامیہ سیالکوٹ سے منسلک رہے۔

مولوی سید محمد نور اللہ نور کی چھ نواسیاں، سیدہ سکینہ، سیدہ صغریٰ، ڈاکٹر سیدہ رشیدہ سیدہ صفیہ، سیدہ محمودہ، سیدہ حمیدہ۔ ہیں۔

دو نواسے۔۔ سید بشیر حسین، سید نذیر حسین۔ تھے

6

مولوی سید محمد نور اللہ نور سیالکوٹی ۸۶ سال کی عمر میں ۱۹۴۸ء/۱۳۶۷ھ کو سیالکوٹ شہر میں خالقِ حقیقی سے جا ملے انا للہ و انا الیہ راجعون۔
سیالکوٹ کی معروف درگاہ حضرت سید امام علی الحق رحمۃ اللہ علیہ کے دربار شریف سے ملحقہ قبرستان میں محوِ استراحت ہیں۔
آپ کا قطعہ تاریخ وفات۔ صاحبزادہ فیض الدین فاروقی سیالوی مدظلہ ایم اے۔ موہنیاں گھکھڑاں ضلع گجرات نے یوں کہا ہے

"نادرِ دوراں سید محمد نور اللہ شاہ صاحب سیالکوٹی"

۱۹۴۸ء

رفت نور اللہ شاہ قدوۂ کاملاں = فاضلِ دینِ حق آں عزیزِ جہاں
بہترین اک محدث مناظر فقیہ = پیکرِ علم و حکمت بلیغ اللساں
سینہ اش روشن از حُبِ خیر الوریٰ = ذکرِ حق روز و شب بر زبانش رواں
مرقدش از وجودش بشد عنبریں = بہر او گشت وا بابِ خلدِ جناں
گفت ہاتف سن او بفیض الدین = "مردِ شیریں ادا ماہتابِ زماں"

۱۳۶۷ھ

چوں بجستم نشانِ سنِ عیسوی
گفت "نور اللہ شاہ فخرِ گیتی" بداں

۱۹۴۸ء

" عہ

حضرت مولوی سید محمد نور اللہ شاہ بن مولوی سید محمد چراغ شاہ سیالکوٹی موخون دربار حضرت امام سید عسکری المحق علیہ الرحمۃ ۔ سید نور محمد قادری کے حقیقی چچا تھے (سید محمد عبداللہ قادری)

۲۶ محرم ۱۳۲۸ھ کو موضع فنذر ضلع سیال کوٹ میں اہلسنت وجماعت اور شیعہ علماء کے درمیان اختلافی مسائل پر ایک مناظرہ ہوا۔ اس مناظرے کی رو داد تحفۂ شیعہ و چشمۂ نور مرتبہ مولوی سید محمد نور اللہ شاہ نقوی سیال کوٹی (م ۱۹۳۸ء)، مطبوعہ سیال کوٹ، ۱۹۲۰ء میں موجود ہے۔ مناظرے میں علاوہ دیگر علمائے اہلسنت و جماعت کے حکیم مولوی غلام حسین ساہو والہ بھی شریک تھے[(۱۵)]۔ مولوی غلام حسین نے اس مناظرے کے انعقاد کی تاریخ کا قطعہ بھی لکھا جو کتاب کے آخر میں بدین الفاظ درج ہوا ہے:

حسب تعمیل ارشاد واجب الانقیاد سید السادات الطاہرین امام الباحثین ...... واعظ بے بدل جناب سید مولوی نوراللہ شاہ سلمہ اللہ ... بندہ غلام حسین عفی عنہ۔

تاریخ این مناظرہ بعجلت تمام و سرعت مالاکلام ارقام پیشکش خاص و عام نمودہ مستفی سہو و خطا است۔

بتوفیق خداوندِ تبارک	برای مومنان گویم مبارک	1
بہ فنذر رافضی سنی بیک جا	بہ بحث آمد چو شورِ موج دریا	2
بلا شک اہل سنت را ظفر شد	گروہ رافضی زیر و زبر شد	3
مناظر حافظ سلطان عالم	در اقلیم سخن سلطان مسلم	4
برای خصم بس سلطان عسس بود	محمد غوث چون فریاد رس بود	5
کسان گفتار خصمش جان برآمد	ہمان ساعت ولی کپتان در آمد	6
بہ دفع الوقت بعد از چاپلوسی	ہزاران منت و صد دست بوسی	7
بگفتا گر قبول افتد بگویم	برای ختم بحث این چارہ جویم	8
پس از چندی جواب اعتراضات	نویسد و فرستم من بہ خدمات	9
ولیکن باعث آغاز و انجام	بود آن شاہ نوراللہ نکو نام	10
گہی در خدمت مہمان نوازی	گہی در بحث کردی چارہ سازی	11
بہ میدان آمدہ چون رعد غرید	کہ خصمش را دل از ہیبت بلرزید	12
چو شد آلام از ہاتف ندا شد	سنیش ناصر حافظ خدا شد	13

۱۳۲۸

سوانحی خاکہ

سید محمد عبداللہ قادری ::

والد : سید نور محمد قادری علیہ الرحمۃ [مئی ۱۹۲۵ء - نومبر ۱۹۹۶ء]

دادا : حافظ مولوی سید محمد عبداللہ قادری علیہ الرحمۃ [۱۸۵۷ء - دسمبر ۱۹۶۷ء]

پردادا : مولوی سید محمد چراغ شاہ سیالکوٹی علیہ الرحمۃ [۱۸۲۶ء - ۱۸۸۷ء]

والدہ : سیدہ ثریا بیگم دختر سید منظور حسین قادری علیہ الرحمۃ ساکن ، بوکن ، ضلع گجرات

تاریخ پیدائش : ۱۵- اکتوبر ۱۹۵۶ء

مقام پیدائش :: چک نمبر ۱۵ شمالی ڈاک خانہ چک نمبر ۵۱ ضلع گجرات (منڈی بہاؤالدین)

ابتدائی تعلیم : گھر پر حاصل کی

دنیاوی تعلیم : میٹرک ۱۹۷۳ء - ایف اے ۱۹۷۶ء

سلسلہ بیعت :: ۵ ستمبر ۱۹۸۱ء حضرت صاحبزادہ محبوب عالم قادری علیہ الرحمۃ [م دسمبر ۱۹۸۲ء] برادر زادہ و خلیفہ مجاز غوث زماں حضرت قاضی سلطان محمود قادری قدس سرہٗ آوان شریف ضلع گجرات

ملازمت : ۱۹۷۶ میں پاکستان ملٹری اکاؤنٹس (PMAD) میں بطور جونیئر آڈیٹر ملازم ہوا۔ ۹ اکتوبر ۲۰۱۶ء کو اسسٹنٹ اکاؤنٹس افسر (AAO) ریٹائر ہوا اور گریڈ ۱۷ میں۔

اولاد :: سید محمد مسعود عبداللہ قادری [پ ۲۵ جولائی ۱۹۸۶ء]
سیدہ فرخندہ ماہتاب [پ ۷ مارچ ۱۹۸۹ء]
سید محمد نور عبداللہ قادری [پ یکم جون ۲۰۰۰ء]

مستقل رہائش : چک نمبر ۱۵ شمالی ، ضلع منڈی بہاؤالدین۔

عارضی : گلشن سادات ، احمد نگر ، اسٹریٹ نمبر ۲ ، جی ٹی روڈ واہ کینٹ

۹

تصانیف :۔

حکیم محمد موسیٰ امرتسری - ایک ادارہ - ایک تحریک - سید محمد عبداللہ قادری صفحات - ۸۰
داتا گنج بخش اکیڈمی ہجویری لاہور ۱۹۹۱ء

مبلغ تحریک پاکستان - مولانا عبدالحامد بدایونی -
رضا اکیڈمی - لاہور ۲۰۰۳ء ۔ " ۱۲۶

طارق سلطانپوری بزم - ماہنامہ رزم نو گجرات جون جولائی ۲۰۰۲ء " ۱۵۳

ادیب گوہر افشاں سید نور محمد قادری (تقابیات) - کتب خانہ ابن عبداللہ چک ۱۵ شمالی -
منڈی بہاؤالدین ۲۰۰۶ " ۲۲

سید ہجویر مخدوم امم اور حضرت علامہ محمد اقبال :۔ فیضانِ رسول فاؤنڈیشن
شاہ نگر دو بُرجی لاہور ۲۰۰۸ء " ۲۵

حضرت طارق سلطان پوری بزم - مرتبین - سید محبوب الرسول قادری / سید محمد عبداللہ قادری
انوار رضا جوہر آباد ۲۰۰۹ء " ۲۴۸

حُبِ اہل بیت اور اکابرین اہلسنت - سید نور محمد قادری - ترتیب و حواشی سید محمد عبداللہ قادری
اسلامک میڈیا سنٹر لاہور ۲۰۰۹ ۔ ۲۸۰

حضرت ضیاء الدین مدنی - مرکزی مجلس رضا رجسٹرڈ لاہور جولائی ۲۰۱۲ء " ۱۶

حافظ مولوی سید محمد عبداللہ بخاری قادری ۔ کتب خانہ ابن عبداللہ چک ۱۵ شمالی منڈی بہاؤالدین
مارچ ۲۰۱۶ء ۔ ۲۵

قطب العارفین - حضرت قاضی سلطان محمود قادری - از سید نور محمد قادری - ترتیب و حواشی سید محمد عبداللہ قادری
اسلامک میڈیا سنٹر لاہور مارچ ۲۰۱۶ ۔ صفحات ۲۶۷

پیش لفظ / تقاریظ

سید احمد بریلوی کے نام نہاد جہاد کی حقیقت۔ سید نور محمد قادری۔ مکتبہ رضا واہ کینٹ

حب اہل بیت اور اکابر اہلسنت ، ۔ اسلامک میڈیا سنٹر لاہور ۲۰۰۹ء

نور اویسین ـ سلطان الشعراء طارق سلطانپوری ۔ انوار رضا جوہر آباد ۲۰۱۲ء
(اداریہ ثانی] ۔

گلہائے رنگا رنگ ، سردار محمد اکرم جنجوعہ ـ سخن چند سید محمد عبداللہ قادری
ادارہ فرید سحر لاہور ، ۔ ۲۰۱۶ء

فروغ صبح تاباں ـ سید وجاہت رسول قادری ـ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا
کراچی ۔ ۲۰۱۶ء


معارف اسلام بچوں کا ۔ سید وجاہت رسول قادری ۔ اسلامک میڈیا سنٹر لاہور ۲۰۱۶ء
چند باتیں : از سید محمد عبداللہ قادری ۔ "

سفر نامہ قاہرہ ، سید وجاہت رسول قادری : چند حروف " ، :






















قطبِ تفرید حضرت قاضی سلطان محمودؒ نور اللہ مرقدہٗ



[…] طبع نہ فرماوین

… شجرۃ طیبۃ اصلہا ثابت و فرعہا فی السماء

قصائد و شجرہ جات

چشمۂ نور

در منقبت حضرت امام المتقین سراج السالکین

پیر عبد الغفور

از تصنیف ذرہ بیمقدار جان نثار
دربار آوان شریف سید نور اللہ شاہ
ولد مولوی چراغ شاہ صاحب مرحوم
ساکن بوکن ضلع گجرات سیالکوٹی

در مطبع اسلامیہ سٹیم پریس لاہور باہتمام حافظ
مظفر الدین منیجر کے چھپا

تعداد … ایک … ہزار